جامعہ علوم اثریہ جہلم کی 25 ویں سالانہ تقریب تکمیل صحیح بخاری شریف و تقسیم اسناد

مورخہ 14 نومبر بروز جمعۃ المبارک جامعہ کی 25 ویں سالانہ تقریب صحیح بخاری و تقسیم اسناد زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوئی جس میں مہمانانِ خصوصی مولانا حافظ عبدالرزاق سعیدی مہتمم جامعہ رحمانیہ فاروق آباد، ڈاکٹر شاہ محمد علوی بانی ورئیس جامعہ اسلامیہ سوڈھی بنجے والی (خوشاب) تھے۔ پروگرام کا آغاز خطبہ جمعہ سے ہوا۔ خطبہ جمعہ حضرت مولانا منظور احمد آف گوجرانوالہ نے ارشاد فرمایا، خطبہ جمعہ کے بعد جامعہ کے شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد اکرم جمیل نے بخاری شریف کی آخری حدیث پر عالمانہ وفاضلانہ درس ارشاد فرمایا، جبکہ بعد نماز عصر معروف سکالر، امام محمد بن سعود یونیورسٹی الریاض سعودی عرب اور انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد کے سابق پروفیسر ڈاکٹر پروفیسر فضل الٰہی حفظہ اللہ نے سیرت وفقاہت امام بخاریؒ کے موضوع پر بڑا ہی جامع درس ارشاد فرمایا، جو کہ نماز مغرب کے بعد بھی جاری رہا۔ اُن کا خطاب اتنا متاثر کن تھا کہ سردی کے باوجود لوگ دلجمعی کے ساتھ سنتے رہے اور کوئی آدمی بھی اپنی جگہ سے نہیں اٹھا۔ اگر چہ ان کے خطاب ختم ہونے پر لوگوں نے خطاب جاری رکھنے کو کہا مگر انہوں نے معذرت کر دی۔

لوگ تو سن رہے تھے بڑے شوق سے   ہمیں سو گئے داستاں کہتے کہتے

جامعہ سے فارغ ہونے والے طلبہ میں حافظ عبدالرزاق سعیدی اور ڈاکٹر شاہ محمد علوی نے انعامات تقسیم کئے یوں یہ عظیم الشان تقریب حکیم حافظ عبدالرزاق سعیدی صاحب کی دعا سے تکمیل پذیر ہوئی۔ یاد رہے کہ امسال جامعہ کی قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ (درس نظامی) سے 17 اور شعبہ حفظ سے 14 خوش نصیب طلبہ نے فراغت حاصل کی۔

23 ویں سالانہ آل پاکستان اہل حدیث کانفرنس میں جہلم ایک بڑے قافلہ کی شرکت

مورخہ 7,6 نومبر بروز جمعرات، جمعہ 23 ویں سالانہ آل پاکستان اہل حدیث کانفرنس بسلسلہ ختم نبوت مینار پاکستان لاہور میں زیر صدارت حضرت الامیر سینیٹر پروفیسر ساجد میر منعقد ہوئی۔ کانفرنس میں ملک بھر سے بھاری تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ جہلم سے رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کی قیادت میں مرکزی جمعیت اہل حدیث، اہل حدیث یوتھ فورس واہل حدیث سٹوڈنٹس فیڈریشن کے علاوہ جامعہ کے اساتذہ وطلبہ پر مشتمل ایک بڑے قافلے نے شرکت کی۔

موت العالِم موت العالَم

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد علی جانباز (شارح ابن ماجہ) کا انتقال پر ملال

نامور عالم دین شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد علی جانباز مورخہ 13 دسمبر 2008ء بمطابق ۱۴ ذی الحجہ ۱۴۲۹ھ بروز ہفتہ رات آٹھ بجے سیالکوٹ میں اس دنیائے فانی سے رخصت ہوگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مولانا مرحوم بیک وقت مفسر، محدث، مؤرخ، محقق، مصنف اور معلم تھے۔ ان کا سب سے بڑا کارنامہ صحاح ستہ کی مشہور کتاب سنن ابن ماجہ کی شرح عربی میں انجاز الحاجہ (۱۲ جلد) کے نام سے لکھی۔ آپ نے اپنی ساری زندگی دین اسلام کی نشر واشاعت کتاب وسنت کی ترویج وترقی کیلئے وقف کر رکھی تھی۔ مولانا مرحوم اس قحط الرجال کے دور میں جماعت اہل حدیث کیلئے اللہ تعالیٰ کی نشانی تھے۔ ان کی رحلت سے جو خلاء پیدا ہوا ہے اس کا پُر